# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

**First Term**

## Islamiat Grade 4

**School Name:** ____________________

www.schoolbasedassessment.pk www.schoolbasedassessment.pk

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : a | Q. No.2 : b | Q. No.3 : b |
| Q. No.4 : d | Q. No.5 : d | Q. No.6 : c |
| Q. No.7 : b | Q. No.8 : d | Q. No.9 : c |
| Q. No.10 : b | www.schoolbasedassessment.pk | |

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 11**

Official Website www.schoolbasedassessment.pk سوال نمبر 11

**a ) Write a brief note on Surah Al Kausar.(4)**

سورۃ الکوثر پر مختصر نوٹ لکھیں(4)

www.schoolbasedassessment.pk

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم اس سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اُسے پورے (4) نمبر دیئے جائیں گے۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیئے جائیں گے جبکہ غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے گا۔

نمونے کے جواب کی ایک مثال:

کوثر جنت میں ایک نہر کا نام ہے۔ جس کا پانی شہد سے بھی زیادہ میٹھا ہے۔ قیامت کے دن یہ نہر حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیّین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو عطا کی جائے گی اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیّین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم جس کو چاہیں گے اس میں سے پانی پلائیں گے۔

**Write the translation of Surat ul Kausar.(4)**

www.schoolbasedassessment.pk

سورۃ الکوثر کا ترجمہ لکھیں۔(4)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم اس متعلقہ سوال کا مکمل درست جواب لکھتا ہے تو اُسے پورے (4) نمبر دیئے جائیں گے۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیئے جائیں گے جبکہ غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے گا۔

نمونے کے جواب کی ایک مثال:

(اے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیّین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم) بے شک ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمائی۔ تو آپ (حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیّین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم) اپنے رب کے لئے نماز پڑھیں اور قربانی کریں۔ بے شک آپ (حضرت محمد رسول اللہ خاتم النّبیّین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم) کا دشمن ہی بے نسل رہے گا۔

**How can we adopt the teachings of Surah Al-Kausar in our practical life? (2)**

www.schoolbasedassessment.pk

سورۃ الکوثر کی تعلیمات کو ہم اپنی عملی زندگی میں کیسے اپنا سکتے ہیں۔(2)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم اس متعلقہ سوال کا مکمل درست جواب لکھتا ہے تو اُسے پورے (2) نمبر دیئے جائیں گے۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیئے جائیں گے جبکہ غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے گا۔

نمونے کے جوب کی ایک مثال:

نماز میں اس کی تلاوت کر سکتے ہیں۔ اس کا ترجمہ یاد کر سکتے ہیں۔

**Question No: 12**

Official Website www.schoolbasedassessment.pk سوال نمبر 12

**a ) What is meant by Saom? (3)**

روزے سے کیا مراد ہے؟(3)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں. جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیے جائیں. بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے.
:نمونے کے جواب کی مثال
روزے سے مراد صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک کھانے پینے سے رک جانے اور دیگر خواہشات ترک کرنے کا نام روزہ ہے۔

**What are the effects of Saom on a person? (3)**

www.schoolbasedassessment.pk

روزے سے انسان پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟(3)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں.
جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیے جائیں. بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے.
:نمونے کے جواب کی مثال
روزے سے درج ذیل اثرات مرتب ہوتے ہیں۔
روزے دار کی دعا جلد قبول ہوتی ہے۔
اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوتا ہے۔
روزہ بہت سے گناہوں سے بچنے کا ذریعہ ہے۔
(طالب علم ان کے علاوہ بھی کوئی فائدہ لکھے جو درست ہو۔ تو نمبر دئے جائیں)

www.schoolbasedassessment.pk

**In the light of Quran and Sunnah, explain how a Muslim should live during Ramadan? (4)**

www.schoolbasedassessment.pk

قرآن وسنت کی روشنی میں وضاحت کریں کہ رمضان المبارک میں ایک مسلمان کو کس طرح زندگی گزارنا چاہیے؟(4)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں.
جزوی / نامکمل درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیے جائیں. بالکل غلط / غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے.
نمونے کے جواب کی مثال:
ہمیں چاہیے کہ ہم رمضان المبارک میں زیادہ سے زیادہ عبادت کریں، قرآن مجید کی تلاوت کثرت سے کریں، اور رمضان المبارک میں غریبوں کا بھی خیال رکھیں۔

**Question No: 13**

Official Website www.schoolbasedassessment.pk

سوال نمبر 13

**a ) Who was the king of Abyssinia at the time of migration ? (3)**

ہجرت کے وقت حبشہ کا بادشاہ کون تھا؟(3)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالبعلم سوال کا مکمل درست جواب دے تو اُسے پورے (3) نمبر دیئے جائیں۔ جزوی دُرست جواب لکھنے پر 1 تا 2 نمبر دیئے جائیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونہ کے جواب کی مثال
براعظم افریقہ کے ملک حبشہ کا بادشاہ نجاشی تھا وہ ایک عادل اور انصاف پسند حکمران تھا۔ جس نے مشکل وقت میں مسلمانوں کا بہت ساتھ دیا۔

**Describe some important points of the speech given by Hazrat Jafar bin Abi Talib رضی اللہ تعالیٰ عنہ in the court of Najashi (4).**

حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ تعالی کی نجاشی کے دربار میں کی گئی تقریر کے چند اہم نکات بیان کریں۔(4)

آئیٹم روبرک (اردو):

www.schoolbasedassessment.pk

اگر طالبعلم سوال کا مکمل درست جواب دے تو اُسے پورے (4) نمبر دیئے جائیں۔ جزوی دُرست جواب لکھنے پر 1 تا 3 نمبر دیئے جائیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونہ کے جواب کی مثال
:حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ تعالی عنہ نے نجاشی کے دربار میں کہا
اے بادشاہ! ہم جاہل تھے۔ بتوں کو پوجتے اور مردار کھاتے تھے۔
برائیاں کرتے تھے اور ہمسایوں سے بدسلوکی کرتے تھے۔

www.schoolbasedassessment.pk

اللہ نے ہم میں سے ایک رسول چنا، جن کے اخلاق اور پاک دامنی کو ہم پہلے سے جانتے تھے انہوں نے ہمیں اللہ کے سچے دین کی طرف بلایا۔ اور ہم ان پر ایمان لے آئے۔ اس وجہ سے ہماری قوم ہم سے ناراض ہوگئی ہم نے ان کے ظلم وستم سے تنگ آکر آپ کے ملک میں پناہ لی تاکہ ہم امن سے رہ سکیں۔ ہمیں امید ہے کہ آپ کے ملک میں ہم پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ اس کے بعد نجاشی کے تقاضے پر حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے سورہ مریم سے چند آیات پڑھ کر سنائیں۔

**What guidance do we get today from the migration to Abyssinia? (3)**

عصر حاضر میں ہمیں ہجرت حبشہ سے کیا رہنمائی ملتی ہے؟(3)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالبعلم سوال کا مکمل درست جواب دے تو اُسے پورے (3) نمبر دیئے جائیں۔ جزوی دُرست جواب لکھنے پر 1 تا 2 نمبر دیئے جائیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونہ کے جواب کی مثال

ہجرت حبشہ سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے ہے کہ مسلمان کا اپنے دین کی حفاظت کے لئے جان دینے کے لئے تیار رہنا چاہیے. اپنے دین کی حفاظت کے لئے گھر بار چھوڑنا پڑے وہ بھی چھوڑ دینا چاہیے۔

**official Websiet www.schoolbasedassessment.pk**